MARYLAND STATE DEPARTMENT OF EDUCATION
Achievement Matters Most

Nancy S. Grasmick
*State Superintendent of Schools*

Martin O'Malley
*Governor*

Maryland State Department of Education
Division of Special Education/Early Intervention Services
200 W. Baltimore Street, Baltimore, MD 21201
www.marylandpublicschools.org

# خصوصی تعلیم سے متعلق باضابطہ شکایت کے بارے میں
# اکثر پوچھے گئے سوالات سے متعلق والدین کے لئے رہنما کتابچہ

**1. باضابطہ شکایت کیا ہے؟**

باضابطہ شکایت کسی ایسے طالب علم کے لئے جو معذور ہے یا جس کے معذور ہونے کا شبہہ ہے مفت مناسب سرکاری تعلیم کی نشاندہی، تشخیص، تعلیمی تقرری، یا بندو بست کے سلسلے میں درج کرائی جانے والی رسمی شکایت ہے، جس کے نتیجے میں باضابطہ شکایت ہوسکتی ہے۔

**2. باضابطہ شکایت کون درج کروا سکتا ہے؟**

والدین یا سرکاری ایجنسی[1] باضابطہ شکایت درج کروا سکتی ہے۔

**3. میں باضابطہ شکایت کس طرح درج کرواؤں؟**

پسندیدہ طریقہ تو یہ ہوتا ہے کہ آپ اپنی باضابطہ شکایت *درخواست برائے ثالثی اور باضابطہ شکایت* کے فارم کا استعمال کرتے ہوئے جمع کروائیں، تاہم، کوئی بھی تحریری درخواست جس میں مطلوبہ معلومات شامل ہو اس پر ابتدائی طور پر ثالثی کی کارروائی ہوگی۔ آپ طالب علم کی تعلیم کے لئے ذمہ دار سرکاری ایجنسی؛ آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس (410-229-4281)؛ محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ کے خصوصی تعلیم / ابتدائی مداخلتی خدمات کے شعبے (410-767-7770) کو فون کرکے یا خط لکھ کر فارم حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ فارم آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس کی ویب سائٹوں www.oah.state.md.us پراور محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ کی ویب سائٹ www.marylandpublicschools.org پر بھی دستیاب ہے (خصوصی تعلیم / ابتدائی مداخلتی خدمات کے شعبے والے صفحات، اس کے بعد شکایت کی تفتیش اور باضابطہ شاخ والے صفحے پر جائیں)۔

**4. مجھے باضابطہ شکایت کہاں بھیجنی ہوگی؟**

آپ کو اپنی باضابطہ شکایت طالب علم کے تعلیمی پروگرام کے لئے ذمہ دار سرکاری ایجنسی **اور** آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس کے پاس بھیجنی چاہئے۔ فارم ڈاک، فیکس کے ذریعہ بھیجا جاسکتا ہے، یا دستی طور پر دیا جاسکتا ہے۔ آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس باضابطہ شکایت کے لئے ای میل کے ذریعہ بھیجی گئی درخواستوں کو قبول نہیں کرتا ہے؛ اس کا پتہ ہے 11101 Gilroy Road, Unit E/Clerk's Office, Hunt Valley, MD 21031; the fax number is 410-229-4277 ۔ محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ باضابطہ شکایت کو آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس یا سرکاری ایجنسی کے پاس نہیں بھیجے گا۔

**5. باضابطہ شکایت درج کروانے کے لئے وقت کی حد کیا ہے؟**

باضابطہ شکایت اس مبیّنہ الزام کے بارے میں جو کہ اس شکایت کی وجہ ہے، آپ کو معلوم ہونے یا علم آنے کی تاریخ سے دو (2) سال کے اندر بہر حال درج کروا دینی چاہئے۔ اس پیمانۂ وقت میں کچھ محدود استثنا بھی ہیں؛ براہ کرم

[1] اس دستاویز میں بیان کردہ اصطلاح، سرکاری ایجنسی، سے مراد طالب علم کے لئے مفت مناسب سرکاری تعلیم کا بندوبست کرنے کے ذمہ دار مقامی اسکولی نظام یا دیگر سرکاری ایجنسیاں ہیں۔

اضافی معلومات کے لئے سرکاری ایجنسی کی جانب سے آپ کو فراہم کردہ دستوری تحفظات نامی دستاویز سے رجوع کریں۔

**6. باضابطہ شنوائی کے لئے موقع فراہم ہونے سے قبل، شکایت کو حل کرنے کی کوشش میں کون سے اقدامات لازمی طور سے اپنانے چاہئیں؟**

باضابطہ شنوائی کے لئے موقع فراہم ہونے سے قبل 30 دن کا تصفیے کا وقت ملتا ہے۔ اس عرصۂ وقت میں آپ اور سرکاری ایجنسی کو تنازعہ حل کرنے کی کوشش کرنے کے لئے وقت مل جاتا ہے۔ آپ یا سرکاری ایجنسی کوئی بھی ثالثی کا استعمال کرکے تنازعہ کو حل کرنے کی کوشش پر رضامند ہوسکتے ہیں، یا پھر سرکاری ایجنسی کو تصفیہ سے متعلق میٹنگ کا وقت طے کرنا چاہئے، جب تک کہ دونوں ہی فریق میٹنگ سے دستکش ہونے پر راضی نہ ہوجائیں۔

ثالثی کے طریقہ کار سے متعلق مزید معلومات کے لئے، براہ کرم دستوری تحفظات نامی دستاویز، یا *خصوصی تعلیم سےمتعلق ثالثی کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات سے متعلق والدین کے لئے رہنما کتابچہ* سے رجوع کریں۔

**7. تصفیہ سے متعلق میٹنگ کیا ہے؟**

تصفیہ سے متعلق میٹنگ آپ کو اور سرکاری ایجنسی کو باضابطہ شنوائی کی کارروائی ہونے سے قبل اس شکایت کا باعث بننے والے حقائق اور ممکنہ تدابیر پر گفتگو کرکے نااتفاقی کو حل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

**8. تصفیہ سے متعلق میٹنگ میں کون شرکت کرسکتا ہے؟**

آپ اور سرکاری ایجنسی ہی یہ تعیّن کرتے ہیں کہ تصفیہ سے متعلق میٹنگ میں شرکت کرنے کے لئے کون مناسب ہے۔ آپ، IEP کی ٹیم کے متعلقہ ممبران، اور فیصلہ سازی کا اختیار رکھنے والے سرکاری ایجنسی کے نمائندے کو بہر حال تصفیہ سے متعلق میٹنگ میں شرکت کرنی چاہئے۔ دیگر شرکاء میں آپ کا بچہ، آپ کا وکیل، یا آپ کا مختار شامل ہوسکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ مختار کو ساتھ لے کر آتے ہیں تو، سرکاری ایجنسی کا مختار بھی شرکت کرسکتا ہے۔

**9. کیا مجھے تصفیہ سے متعلق میٹنگ کا مطالبہ کرنے کی ضرورت ہوگی؟**

نہیں۔ جب کبھی والدین کی جانب سے باضابطہ شکایت درج کروائی جاتی ہے تو، جب تک فریقین تحریری طور پر تصفیہ سے متعلق میٹنگ سے دستکش ہونے کے لئے تیار نہ ہوجائیں یا فریقین ثالثی کے ذریعہ نااتفاقی کو حل کرنے کی کوشش کرنے پر راضی نہ ہوجائیں سرکاری ایجنسی کو ہی تصفیہ سے متعلق میٹنگ کا اہتمام کرنا ہوگا۔ اگر سرکاری ایجنسی نے باضابطہ شکایت درج کرائی تو، تصفیہ سے متعلق میٹنگ کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اگر کوئی سرکاری ایجنسی اس وجہ سے شکایت درج کراتی ہے کہ یہ سمجھا جاتا ہےکہ سرکاری ایجنسی نے نااتفاقی کو حل کرنے کے لئے پہلے ہی کوشش کرلی ہے تو بھی تصفیہ سے متعلق میٹنگ کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

**10. تصفیہ سے متعلق میٹنگ کس وقت میں ہونی چاہئے؟**

سرکاری ایجنسی سے آپ کی جانب سے باضابطہ شکایت موصول ہونے سے 15 دنوں کے اندر تصفیہ سے متعلق میٹنگ کا انعقاد کرنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے (جب تک کہ شکایت ایک فوری شنوائی کے تقاضوں پر پورا اترتی ہو؛ سوال نمبر 13 دیکھیں)۔ اگر سرکاری ایجنسی آپ کی شکایت موصول ہونے سے 15 دنوں کے اندر میٹنگ نہیں کروا پاتی ہے یا میٹنگ میں شرکت نہیں کرپاتی ہے تو، آپ آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس سے رابطہ کرسکتے ہیں اور باضابطہ شنوائی کے مقررہ وقت کو فوراً شروع کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں۔

**11. اگر میں تصفیہ سے متعلق میٹنگ میں شریک نہیں ہوپاتا ہوں تو کیا ہوگا؟**

اگر سرکاری ایجنسی معقول کوششیں کیے جانے کے بعد بھی تصفیہ سے متعلق میٹنگ میں آپ کی شراکت حاصل نہیں کرپاتی ہے تو، سرکاری ایجنسی یہ درخواست کرسکتی ہے کہ ایڈمنسٹریٹو لاء جج آپ کی شکایت مسترد کردے۔ اگر شکایت مسترد ہوجاتی ہے تو، اس مخصوص شکایت کے ضمن میں باضابطہ شنوائی نہیں کی جائے گی۔

**12. ہمیں کتنے عرصے تک نااتفاقی کو حل کرنے کی کوشش کرنی ہوگی؟**

عام طور پر، آپ کو اور سرکاری ایجنسی کو نااتفاقی حل کرنے کے لئے 30 دنوں کا وقت ملتا ہے۔ تاہم، اگر آپ اور سرکاری ایجنسی اس پیشرفت کو جاری رکھنے پر متفق ہیں اور آپ وقت بڑھانے کے خواہاں ہیں تو، ایسا کرنا ممکن ہے۔ ان صورتوں میں جہاں فوری شنوائی لازمی طور سے ہونی ہے، آپ کو اور سرکاری ایجنسی کو نااتفاقی حل کرنے کی کوشش کرنے کے لئے 7 دنوں کا وقت ملے گا۔

**13. اگر تصفیہ سے متعلق میٹنگ میں ہم کوئی معاہدہ نہیں کرپاتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟**

اگر آپ اور سرکاری ایجنسی اتفاق رائے نہیں کرپاتے ہیں تو، آپ تصفیے کی مدت کو بڑھانے اور کسی اطمینان بخش حل تک پہنچنے کے لئے میٹنگ جاری رکھنے پر راضی ہوسکتے ہیں۔ اگر دونوں فریق راضی ہیں تو، آپ ثالثی کے ذریعہ تنازعہ کو حل کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں؛ یا باضابطہ شنوائی کی کارروائی کرسکتے ہیں۔

**14. باضابطہ شنوائی میں کیا ہوتا ہے؟**

باضابطہ شنوائی کا انتظام آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس کے ایڈمنسٹریٹو لاء کے ذریعہ کیا جاتا ہے جو دونوں فریقوں سے گواہی لے گا اور تنازعہ کے بارے میں فیصلہ کرے گا۔ باضابطہ شنوائی کی کارروائیوں اور حقوق کے بارے میں مزید جانکاری کے لئے، براہ کرم دستوری تحفظات نامی دستاویز سے رجوع کریں۔

**15. کیا مجھے مختار رکھنا ضروری ہے؟**

نہیں، البتہ، کارروائیوں کی قانونی نوعیت کی وجہ سے اکثر و بیشتر کاؤنسل کے ذریعہ والدین کی نمائندگی کی جاتی ہے لیکن وہ بھی شنوائی میں جاسکتے اور خود کو پیش کرسکتے ہیں۔

مفت یا کم لاگت پر قانونی یا دیگر خدمات فراہم کرنے والی تنظیموں کی فہرست کے لئے براہ کرم *درخواست برائے ثالثی اور باضابطہ شکایت* کا فارم، یا محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ، خصوصی تعلیم / ابتدائی مداخلتی خدمات کے شعبے کی ویب سائٹ www.marylandpublicschools.org سے رجوع کریں (شعبے، خصوصی تعلیم میں ابتدائی مداخلت کا انتخاب کریں، اس کے بعد شکایت کی تفتیش اور باضابطہ شاخ کا انتخاب کریں)۔

**16. باضابطہ شکایت کا مقررہ وقت کیا ہے؟**

اگر سرکاری ایجنسی نے شکایت موصول ہونے سے 30 دنوں (تصفیہ کا وقفہ) کے اندر آپ کے اطمینان کی حد تک باضابطہ شکایت کو حل نہیں کیا ہے تو، باضابطہ شنوائی ہوسکتی ہے۔ اس کے بعد ایڈمنسٹریٹو لاء جج کے پاس شنوائی کرنے اور کوئی حتمی فیصلہ دینے کے لئے 15 دنوں کا وقت ہوتا ہے۔ فیصلے کے اجراء کے مقررہ وقت میں آپ یا سرکاری ایجنسی کی درخواست پر توسیع کی جاسکتی ہے۔

**17. فوری شنوائی کے تقاضے کیا ہیں، اور باضابطہ شنوائی کے مقررہ وقت میں کس طرح تبدیلی کی جاتی ہے؟**

اگر فی الحال آپ کے بچے کا اندراج نہیں ہوا ہے اور وہ کسی منظور شدہ تعلیمی پروگرام میں شریک ہو رہا ہے، یامتبادل کے تعین، یا تادیبی کارروائی کے نتیجے میں رویوں کی وجہ سے جگہ کی تبدیلی کے سلسلے میں تنازعہ ہے تو، شنوائی لازمی طور سے فوری انداز میں ہونی چاہئے۔ ان صورتوں میں، سرکاری ایجنسی کو باضابطہ شکایت کی اطلاع موصول ہونے سے 7 دنوں کے اندر تصفیہ سے متعلق میٹنگ بہر حال کرنی چاہئے؛ شنوائی شکایت موصول ہونے سے 20 اسکولی ایام کے اندر ہوگی؛ اور شنوائی مکمل ہونے سے زیادہ سے زیادہ 10 اسکولی ایام کے اندر فیصلہ جاری ہوجائے گا۔

**18. قبل از شنوائی کانفرنس کیا ہے؟**

شنوائی کے لئے درکار ایام کی تعداد کا تعیّن کرنے کے مقصد سے تنازعہ کی تفصیلات پر گفتگو کرنے کے لئے آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس کی جانب سے ٹیلیفون پر قبل از شنوائی کانفرنس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اس کانفرنس کے دوران آپ کو اس بابت گفتگو کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے کہ شنوائی کے لئے آپ اور آپ کے گواہ کس وقت دستیاب ہوں گے۔

**19. اگر میں اپنی باضابطہ شکایت سے دستبردار ہوجاتا ہوں تو کیا ہوگا؟**

ایک دستخط شدہ خط جس میں یہ مذکور ہو کہ آپ اپنی شکایت سے دستبردار ہونا چاہتے ہیں، جلد سے جلد آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس، اور سرکاری ایجنسی کو ڈاک سے بھیجیں، فیکس کریں یا دستی طور پر دیں۔ اس درخواست میں یہ معلومات بھی درج ہونی چاہئے کہ شکایت کیوں واپس لی جارہی ہے۔

20. **آپ نے میرے کسی بھی سوال کا جواب نہیں دیا ہے۔ میں مدد کے لئے کہاں جاؤں؟**

سب سے پہلے تو، آپ سرکاری ایجنسی کے ذریعہ آپ کو فراہم کردہ دستوری تحفظات نامی دستاویز فراہم سے رجوع کریں۔ آپ کے دیگر سوالات کا ازالہ طالب علم کی تعلیم کے لئے ذمہ دار سرکاری ایجنسی کے موزوں اہلکار، آپ کے پارٹنرز فار سکسیس یا فیملی سپورٹ سروسز سنٹر، محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ کے فیملی سپورٹ سروسز آفس (410-767-0267 یا 1-800-535-0182، ایکسٹنشن 0267)، یا آفس آف ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگس کے کلرک آفس -410-229-4281) کے پاس کیا جاسکتا ہے۔ آپ خصوصی تعلیمی امور میں مفت یا کم لاگت پر اعانت فراہم کرانے والی کسی تنظیم سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں (ان تنظیموں کی ایک فہرست *درخواست برائے ثالثی اور باضابطہ شکایت* کے فارم کے ساتھ منسلک ہے)۔

*محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ، شعبہ خصوصی تعلیم/ ابتدائی مداخلتی خدمات کے توسط سے، IDEA حصہ B کے گرانٹ نمبر HO27A060035A، ریاستہائے متحدہ کے محکمہ تعلیم، دفتر برائے خصوصی تعلیم و باز آبادکاری کی خدمات سے مالی اعانت حاصل ہوئی ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ اس میں پیش کیے گئے نظریات ریاستہائے متحدہ کے محکمہ تعلیم یا دیگر وفاقی ایجنسی کے نظریات کے مطابق ہی ہوں اور اسے ایسا سمجھا بھی نہیں جانا چاہئے۔ شعبہ خصوصی تعلیم/ابتدائی مداخلتی خدمات کو، دفتر برائے خصوصی تعلیمی پروگرام، دفتر برائے خصوصی تعلیم و باز آبادکاری کی خدمات، ریاستہائے متحدہ کے محکمہ تعلیم سے مالی اعانت حاصل ہوتی ہے۔ یہ معلومات حق اشاعت سے آزاد ہیں۔ قارئین کو اسے نقل کرنے اور اسے استعمال کرنے کی اجازت دی جاتی ہے، لیکن براہ کرم اس کا کریڈٹ (سہرا) شبعہ خصوصی تعلیم / ابتدائی مداخلتی خدمات، محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ کو دیں۔*

*محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ روزگار یا پروگراموں تک رسائی کو متاثر کرنے والے معاملات میں نسل، رنگ، جنس، عمر، قومیت، مذہب یا معذوری کی بنیاد پر تفریق نہیں برتتا۔ محکمے کی پالیسی سے متعلق پوچھ گچھ کیلئے، براہ کرم ایکویٹی ایشیورنس اینڈ کمپلائنس کی شاخ سے بذریعہ فون 0433-767 (410) یا فیکس 0431-767 (410) رابطہ کریں۔ امریکنز ود ڈس ایبیلیٹیز ایکٹ (ADA) ، کے تحت یہ دستاویز درخواست کرنے پر متبادل صورتوں میں دستیاب ہے۔ محکمہ تعلیم برائے ریاست میری لینڈ کے خصوصی تعلیم / ابتدائی مداخلتی خدمات کے شعبے سے بذریعہ فون 0858-767 (410) یا فیکس 1571-333 (410) رابطہ کریں۔*

Dev. 10/2007